نیوز ریلیز

البرٹا میں نیا، گھر پر کووِڈ-19 کا علاج آرہا ہے

25جنوری، 2022ء

کووِڈ-19 کی ہلکی سے معتدل علامات والے البرٹنز جن میں سنگین بیماری پیدا ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے ان کے پاس جلد ہی ابتدائی علاج کا دوسرا آپشن موجود ہوگا۔

پیکسلووِڈ (Paxlovid) کی پہلی کھیپ 31 جنوری سے البرٹنز کیلئے دستیاب ہوگی۔ ابتدائی فراہمی محدود ہوگی، اس طرح اہلیت ان لوگوں تک محدود ہوگی جو سب سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے۔ یہ دوا ضمنی اثرات کا سبب بن سکتی ہے، اسلئے یہ صرف ایک طبیب کو دکھانے کے بعد نسخے پر دستیاب ہوگی۔

پیکسلووِڈ (Paxlovid) کووِڈ-19 کا پہلا علاج ہے جس کو ہیلتھ کینیڈا نے منظور کیا ہے جسے گھر پر منہ کے راستے لیا جا سکتا ہے اور پچھلے سال سوٹرووی میب (Sotrovimab) کو دستیاب کرنے کے بعد دوسرا کووِڈ-19 کے ابتدائی علاج کا آپشن جو البرٹا میں دستیاب ہے۔

دوا کے ساتھ علاج علامات کے شروع ہونے کے پانچ دنوں کے اندر شروع کیا جانا چاہئے اور اس کا مقصد ایسے افراد کے استعمال کیلئے ہے جو مدافعتی حالتوں میں مبتلا ہیں، جن کی عمر یں 65 سال سے زائد ہیں، یا ان کو حفاظتی ٹیکے نہیں لگائے گئے اور 18 سال سے زائد عمر کے افراد ہیں جن کی پہلے سے موجود طبّی حالتیں ہیں جن سے انہیں شدید بیماری یا موت کا زیادہ خطرہ ہے۔

پیکسلووِڈ (Paxlovid) کیلئے اہلیت

پیکسلووِڈ(Paxlovid) ان مریضوں کے استعمال کیلئے ہے جن میں تصدیق شدہ کووِڈ-19 انفیکشن ہے، جو اپنی پہلی علامات کا سامنا کرنے کے پانچ دنوں کے اندر اندر ہیں اور مخصوص طبّی معیارات پر پورا اترتے ہیں۔

اہل حالتوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

وہ افراد جن کی کوئی کونٹرینڈکشنز (وہ علامات جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ موجودہ طریق علاج کو جاری رکھنا چاہئے یا موقوف کردینا چاہئے) اور کم قوت مدافعت والی مندرجہ ذیل حالتوں میں سے کوئی ایک حالت ہے، قطع نظر ویکسین شدہ یا غیر ویکسین شدہ ہونے کے:

- ٹرانسپلانٹ کروانے والے
- آنکولوجی کے مریض جنھوں نے دسمبر 2020ء سے کیموتھراپی یا دیگر مدافعتی علاج کروایا ہے
- اشتعال انگیز حالتیں، جیسے کہ:
  - تحجر المفاصل (rheumatoid arthritis)؛
  - بافتوں کی سوزش کا مرض (lupus)؛
  - آنتوں کی سوزش کی بیماری؛

وہ افراد جن کی کوئی کونٹرینڈکشنز (وہ علامات جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ موجودہ طریق علاج کو جاری رکھنا چاہئے یا موقوف کردینا چاہئے)، وہ غیر ویکسین شدہ ہیں اور:

- عمر 65 سال اور اس سے زائد
- عمر 18 سال اور اس سے زائد جو صحت کی پہلے سے موجود حالت کے ساتھ ہیں، بشمول:
  - ذیابیطس (علاج کیلئے دوا لینا)
  - موٹاپا (بی ایم آئی > 30)
  - امتلائی قلبی ناکامی
  - دائمی رکاوٹ والی پلمونری (pulmonary) بیماری اور معتدل سے شدید دمہ

پیکسلووِڈ (Paxlovid) تک رسائی حاصل کرنا

اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والے البرٹنز ہیلتھ لِنک کو 0971-343-844-1 پر کال کر سکتے ہیں۔

ہیلتھ لِنک کا عملہ اسکریننگ کے سوالات پوچھے گا اور اہلیت کی تصدیق کرنے اور اگر مناسب ہو تو علاج کا بندوبست کرنے کیلئے البرٹنز کو ہیلتھ پروفیشنل کے پاس بھیجے گا۔

البرٹنز سے کہا جاتا ہے کہ وہ فارمیسیوں یا ڈاکٹروں کے دفاتر کو براہِ راست کال نہ کریں۔

ویکسینیشن کی اپوائنٹمینٹس بک کروانا

البرٹنز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ویکسین کا ہر ٹیکہ لگوا کر اپنے آپ کو اور دوسروں کو سنگین نتائج سے بچانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم کو استعمال کر کے شرکت کرنے والی فارمیسیوں یا اے ایچ ایس کے ساتھ آن لائن اپوائنٹمینٹس بک کی جا سکتی ہیں۔ البرٹنز 811 پر، حصہ لینے والی فارمیسیوں یا حصہ لینے والے فزیشنز کے دفاتر کو بھی کال کر سکتے ہیں۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کی اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- نیوز کانفرنس سُنیں

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)

780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ